پڑھنا ہے سمجھنا
مِلی کی
سائیکل

پہلا اردو ایڈیشن اکتوبر 2016 آشوین 1938

PD 5H SPA



**کمیٹی برائے درجہ بند مطالعہ سیریز**

کنچن سیٹھی، کرشن کمار، جیوتی سیٹھی، ٹل ٹل بسواس، مکیش مالویہ، رادھیکا مینن، شالنی شرما، لتا پانڈے، سواتی ورما، ساریکا وششٹھ، سیما کماری، سونیکا کوشک، سشیل شُکل

**ممبر کوارڈی نیٹر** – لتیکا گپتا

**اردو ترجمہ** – محمد فاروق انصاری

**تصاویر** جوئل گل **سرورق اور لے آؤٹ** – ندھی وادھوا

**کاپی ایڈیٹر**-ابوامام منیرالدین **پروف ریڈر**-یوسف فلاحی **ڈی ٹی پی آپریٹر**-فلاح الدین فلاحی، فرخ فاطمہ، ابوطلحہ اصلاحی، ریاض احمد

**نظرثانی ورکشاپ کے شرکا**

ڈاکٹر شہپر رسول، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی؛ ڈاکٹر یعقوب یاور، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، بنارس ہندو یونیورسٹی، وارانسی؛ ڈاکٹر نجمہ رحمانی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی، دہلی؛ ڈاکٹر لتیکا گپتا، کنسلٹینٹ، نیشنل کمیشن فار پروٹیکشن آف چلڈرن رائٹس، دہلی اور ڈاکٹر محمد فاروق انصاری، ریڈر اور پروگرام کوارڈی نیٹر (اردو ترجمہ)، ڈپارٹمنٹ آف لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

**اظہار تشکر**

پروفیسر کرشن کمار، ڈائرکٹر، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی؛ پروفیسر وسودھا کامتھ، جوائنٹ ڈائرکٹر، سینٹرل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی؛ پروفیسر کے۔ کے۔ وششٹھ، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایلیمنٹری ایجوکیشن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی؛ پروفیسر رام جنم شرما، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی؛ پروفیسر منجولا ماتھر، ہیڈ، ریڈنگ ڈیولپمنٹ سیل، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

**قومی جائزہ کمیٹی**

جناب اشوک باجپئی، چیئرمین، سابق وائس چانسلر، مہاتما گاندھی انٹرنیشنل ہندی یونیورسٹی، وردھا؛ پروفیسر فریدہ عبداللہ خاں، ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی؛ ڈاکٹر اپوروانند، ریڈر، ڈپارٹمنٹ آف ہندی، دہلی یونیورسٹی، دہلی؛ ڈاکٹر شبنم سنہا، سی ای او، آئی ایل اور ایف ایس، ممبئی؛ محترمہ نزہت حسن، ڈائرکٹر، نیشنل بک ٹرسٹ، نئی دہلی؛ جناب روہت دھنکر، ڈائرکٹر، دگنتر، جے پور

80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ نئی دہلی نے نکھل آفسیٹ، 223، ڈی ایس آئی ڈی سی شیڈس، اوکھلا انڈسٹریل ایریا، فیز-1، نئی دہلی 110020 سے چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

# Milee Ki Cycle

**ISBN** 978-93-5007-127-4 (برکھا – سیٹ)
978-93-5007-122-9

برکھا درجہ بند مطالعہ سیریز پہلی اور دوسری جماعت کے بچوں کے لیے ہے۔ اس کا مقصد بچوں میں 'فہم کے ساتھ' اپنے طور پر مطالعے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ برکھا کی کہانیاں چار سطحوں اور پانچ موضوعات کا احاطہ کرتی ہیں۔ برکھا بچوں کو لطف اندوز ہونے اور مستقل قاری بننے میں معاون ہوگی۔ بچوں کو روز مرہ کے چھوٹے چھوٹے واقعات کہانیوں کی مانند دلچسپ لگتے ہیں، اس لیے برکھا کی سبھی کہانیاں روز مرہ زندگی کے تجربات کو بنیاد بنا کر لکھی گئی ہیں۔ اس سیریز کا مقصد یہ بھی ہے کہ چھوٹے بچوں کو پڑھنے کے لیے کثیر تعداد میں کتابیں فراہم ہوں۔ برکھا سے مطالعے کی تربیت اور مستقل قاری بننے کے ساتھ ساتھ بچوں کو درسیات کے ہر شعبے میں ہمہ جہت فائدہ پہنچے گا۔ استاد ہمیشہ برکھا کو کلاس روم میں ایسی جگہ پر رکھیں جہاں سے بچے آسانی سے کتابیں اٹھا سکیں۔



**این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈپارٹمنٹ کے دفاتر**

- این سی ای آر ٹی کیمپس، سری اروندو مارگ، نئی دہلی 016 110 **فون:** 011-26562708
- 108، 100 فٹ روڈ، ہیلی ایکسٹینشن، ہوسڈیکرے، بناشنکری III اسٹیج، بنگلور 085 560 **فون:** 080-26725740
- نوجیون ٹرسٹ بھون، ڈاک گھر نوجیون، احمد آباد 014 380 **فون:** 079-27541446
- سی ڈبلیو سی کیمپس، بمقابل دھنکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی، کولکاتا 114 700 **فون:** 033-25530454
- سی ڈبلیو سی کامپلیکس، مالیگاؤں، گواہاٹی 021 781 **فون:** 0361-2674869

**اشاعتی ٹیم**

**ہیڈ پبلی کیشن ڈویژن** : محمد سراج انور
**چیف ایڈیٹر** : شویتا اُپّل
**ایڈیٹر** : سید پرویز احمد
**چیف بزنس منیجر** : گوتم گانگولی
**چیف پروڈکشن آفیسر (انچارج)** : ارون چتکارا
**پروڈکشن اسسٹنٹ** : مُکیش گوڑ

# مِلی کی سائیکل

ایک دِن مِلی کھیل رہی تھی۔

اُس نے کچھ بچوں کو سائیکل چلاتے ہوئے دیکھا۔

مِلی کا بھی سائیکل چلانے کو جی چاہا۔

مِلی نے مَمّی پاپا سے ایک سائیکل مانگی۔

اَگلے روز پاپا نے مِلی کو ایک سائیکل لاکر دی۔

سائیکل تھوڑی پُرانی تھی لیکن اچھی حالت میں تھی۔

مِلی اُسے دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔

لال رنگ کی سائیکل پر نیلی گدّی تھی۔

مِلی نے مَمّی سے سائیکل سِکھانے کو کہا۔
مَمّی مِلی کو سائیکل چلانا سکھانے لگیں۔
وہ دونوں صُبح جلدی اُٹھ کر ایک کُھلے میدان میں گئیں۔
مِلی نے سائیکل سیکھنا شروع کردی۔

مَمّی نے مِلی کو سائیکل کی گدّی پر بٹھایا۔
مِلی نے سائیکل کا ہینڈل دونوں طَرف سے پکڑ لیا۔
مِلی نے دھیرے دھیرے پیڈل مارے۔
مَمّی ہینڈل اور گدّی سے سائیکل کو پکڑے رہیں۔

تھوڑی دیر میں مَمّی نے سائیکل چھوڑ دی۔
مِلی سائیکل کے وزن کو سنبھال نہیں پائی۔
وہ سائیکل سے گِر گئی۔
اُس کے ہاتھ میں ذرا سی چوٹ لگ گئی۔

مِلی تھوڑی دیر تک روئی پھر سائیکل چلانے لگی۔

مِلی دوبارہ سائیکل پر بیٹھی۔

مَمّی نے سائیکل سنبھالی۔

مِلی دھیرے دھیرے سائیکل چلاتی رہی۔

اَگلے دِن دونوں پھر صُبح میدان میں پہنچ گئیں۔

آج مَمّی نے سائیکل پیچھے سے پکڑی۔

مِلی کی سائیکل چاروں طرف ڈگمگا رہی تھی۔

مِلی ایسے ہی کافی دیر تک سائیکل چلاتی رہی۔

اُس دِن مِلی نے شام کو بھی سائیکل چلانا سیکھا۔

مِلی اکیلے ہی سائیکل کو ہاتھ سے کھینچتی رہی۔

اُس نے سائیکل پر چڑھنے کی کافی کوشش کی۔

مِلی اکیلے سائیکل پر چڑھ نہیں پائی۔

اَگلے دِن صُبح مِلی کی سائیکل ڈگمگائی نہیں۔
وہ مَمّی کی مدد سے سائیکل پر چَڑھ گئی۔
مَمّی سائیکل کے پیچھے پیچھے چل رہی تھیں۔
مِلی سائیکل کو دھیرے دھیرے چلاتی رہی۔

تھوڑی دیر بعد مِلی سائیکل کو دوڑانے لگی۔
مَمّی اُس کے پیچھے پیچھے بھاگیں۔
تھوڑی دیر بعد مَمّی نے سائیکل چھوڑ دی۔
کچھ دور جاکر مِلی سائیکل سے گِر گئی۔

مِلی کو سائیکل چلانا آ گیا تھا۔

مِلی سائیکل پر اپنے آپ چڑھ نہیں پاتی تھی۔

مِلی اپنے آپ سائیکل سے اُتر بھی نہیں پاتی تھی۔

مِلی کو سائیکل پر چڑھنا اور اُترنا سیکھنا تھا۔

مِلی دِن بھَر سائیکل کے بارے میں سوچتی رہتی تھی۔

اُس کے ہاتھ ہینڈل کی طرح چلتے رہتے تھے۔

وہ رات کو بھی خواب میں سائیکل چلاتی تھی۔

صُبح ہوتے ہی سائیکل لے کر نِکل پڑتی تھی۔

مِلی سیدھی سیدھی سائیکل چلا لیتی تھی۔

اُسے سائیکل سے اُترنے چڑھنے میں مُشکل پیش آتی تھی۔

وہ سائیکل سے اُترتے وقت گِر جاتی تھی۔

مِلی کو سائیکل اُونچی لگتی تھی۔

سائیکل پر بیٹھ کر مِلی کے پیَر نیچے نہیں ٹِکتے تھے۔

مِلی کئی بار گِر چکی تھی۔

اِس کے باوجود وہ خوش رہتی تھی۔

اُس نے توصیہ کو یہ بات بتائی۔

توصیہ نے اُسے ایک بڑا سا پَتّھر دکھایا۔

مِلی پَتّھر پر پیَر رکھ کر سائیکل پر چڑھ گئی۔

اب تو مِلی کو مزہ آ گیا۔

دونوں اسکول بھی سائیکل سے جانے لگیں۔

# توصیہ اور مِلی کی
# اور کہانیاں

---

مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی www.ncert.nic.in ویب سائٹ دیکھیے یا کاپی رائٹ کے صفحے پر درج پتوں پر بزنس منیجر سے رابطہ قائم کیجیے۔

سطح 1
سطح 2
سطح 3
سطح 4

60059

₹ 12.00

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ
NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

**ISBN** 978-93-5007-127-4 (برکھا ۔ سیٹ)
978-93-5007-122-9